پنجاب انسٹیٹیوٹ آف لینگویج، آرٹ اینڈ کلچر

محکمہ اطلاعات وثقافت، حکومت پنجاب

پنجابی کمپلیکس، 1-قذافی سٹیڈیم فیروزپور روڈ۔لاہور

پریس ریلیز

پنجاب انسٹیٹیوٹ آف لینگویج، آرٹ اینڈ کلچر (پلاک)، محکمہ اطلاعات وثقافت، پنجاب کے زیر اہتمام عوامی جمہوریہ چین کے سال نو کی تقریبات کے حوالے سے ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں چین کے قونصلیٹ جنرل چاؤ شیرن نے بطور مہمانِ اعزاز جبکہ صوبائی وزیر برائے تعلیم منصور قادر اور سیکرٹری اطلاعات و ثقافت دانیال حسن گیلانی نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔اس موقع پر نامور اداکار غلام محی الدین، محمد خان رانجھا ممبر ریونیو، لاہور آرٹ کونسل کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر طارق محمود اور ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد عاصم چودھری، الیاس گھمن، سی او اورنج لائن ٹرین اور ڈائریکٹر پلاک ڈاکٹر خاقان حیدر غازی و دیگر موجود تھے۔تقریب کے آغاز میں دونوں ممالک کے قومی ترانے پیش کیے گئے اور چینی سال نو کا کیک کاٹا گیا۔

چین کے قونصلیٹ جنرل چاؤ شیرن نے پلاک کو چین کے سال نو کی تقریب منعقد کرنے پر شکریہ ادا کیا اور جیانگسو کلچرل سنٹر کے قیام اور اُس کی کارکردگی کو بے حد سراہا۔انھوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور افہام وتفہیم کی بنیادوں پر قائم ہے۔چین ہر حال میں پاکستان کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھے گا۔ سی پیک منصوبہ پاکستان اور چین دوستی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔صوبائی وزیرِ تعلیم منصور قادر نے ڈائریکٹر ل جنرل پلاک بینش فاطمہ ساہی اور پلاک کی پوری ٹیم کو ایک پر وقار تقریب منعقد کرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔انھوں نے کہا کہ پاکستان کا شمار عوامی جمہوریہ چین کو تسلیم کرنے والے اولین ممالک میں ہوتا ہے۔چین پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی حصہ دار ہے۔سی پیک منصوبہ دونوں ممالک کے درمیان ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ پاک چین دوستی ہر طرح کے شکوک وشبہات سے بالاتر ہے۔

سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب دانیال حسن گیلانی نے کہا کہ پاکستان اور عوامی جمہوریہ چین کے درمیان سماجی، اقتصادی اور ثقافتی تعلقات کی روایات بہت مضبوط ہیں۔چین پاکستان کا سب سے زیادہ قابلِ اعتماد دوست ملک ہے۔جس نے ہمیشہ ہر مشکل گھڑی میں پاکستان کا ساتھ دیا۔ادارے کی ڈائریکٹر جنرل بینش فاطمہ ساہی نے

کہا کہ چین کا صوبہ جیانگسو اور پنجاب ایک دوسرے سے کافی مماثلت رکھتے ہیں۔اسی مماثلت کی وجہ سے پلاک کے زیرِ انتظام جیانگسو کلچرل سنٹر قائم کیا گیا۔جس میں چائنیز زبان سیکھنے کے علاوہ چائنیز کھانے اور ثقافتی سرگرمیاں سرانجام دی جاتی ہیں۔انھوں نے کہا کہ جیانگسو کلچرل سنٹر کی طرح پنجاب کلچرل سنٹر کا قیام چین کے صوبے جیانگسو میں کیا جائے۔

اِس موقع پر پلاک کی پوری عمارت کو سرخ لائٹوں سے مزین کیا گیا جس سے عمارت کا حسن دوبالا ہوگیا۔ ایک بڑی سکرین پر چینی اور پاکستانی نغمے پیش کیے گئے۔لائیو پرفارمنس میں ذیشان عبداللہ، ایشا اور احسن نے چینی اور پنجابی گانے گا کر حاضرین کو خوب محظوظ کیا اور بھرپور داد وصول کی۔کلچرل پرفارمنس میں چین کا روایتی ڈانس ینگ جیانگ اور پنجاب کا گِدّا، جھومر اور بھنگڑا پیش کیا۔اس موقع پر چائنیز آرٹ اینڈ کرافٹ، چائنیز اور پاکستانی کھانوں کے سٹالز بھی لگائے گئے۔اِس طرح یہ تقریب ایک عالمی سطح کا منظر پیش کرنے لگی۔تقریب میں آنے والے معزز مہمانوں کو یادگاری سووینئرز اور پھولوں کے تحائف پیش کیے گئے۔پنجابی دانشور الیاس گھمن نے پنجاب کی روایتی پگ معزز مہمانوں کو پہنائی۔تقریب میں میڈیا کے افراد، چینی باشندوں اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

پروگرام میں نظامت کے فرائض عبداللہ ذیشان اور ڈائریکٹر پلاک ڈاکٹر خاقان حیدر غازی نے سرانجام دیے۔

☆☆☆